سوال

جنت میں حور کی تعداد

جواب

جنت میں کتنی حوریں ملیں گی السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جنت میں ایک مومن بندے کو کم ازکم کتنی حوریں ملیں گی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ امور غیب سے تعلق رکھتے ہیں، لیکن احادیث کی روشنی میں جو ثبوت ملتا ہے وہ یہ کہ ہر جنتی کو کم ازکم دو دو حوریں ملیں گی۔ سیدنا ابوہریرہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم نے جنتیوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا: لکل واحد منهم زوجتان يرى مخ سوقهما من وراء اللحم، من الحسن (بخاری: 3245) ان جنتیوں میں سے ہر ایک کے لئے دو دو بیویاں ہوں گی، وہ حسن کی وجہ سے ان کی پنڈلیوں کی مخ گوشت میں سے دیکھ رہے ہوں گے۔ اور ابن ماجہ (4337) کی جس روایت میں 72 حوروں کا تذکرہ ہے، اسے حافظ ابن حجر نے فتح الباری (6/325) میں ضعیف قرار دیا ہے۔ ہاں البتہ شہداء کے بارے میں صحیح روایات سے ثابت ہے کہ ان کو 72 حوریں عطا کی جائیں گی۔ نبی کریم نے جنتیوں کی صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا: ويزوج اثنتين وسبعين زوجة من الحور العين (ترمذی: 1663 قال الالبانی صحیح) وہ 72 حور عین بیویوں سے شادی کریں گے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتویٰ